سوال

(49) موزوں پر مسح

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا وضو میں پیر دھونے کے بجائے موزوں پر مسح کرنا جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

موزے پر مسح کرنا جائز ہے۔ متعدد صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین نے اس کے جواز کا فتوی دیا ہے موزے پر مسح کی شرط یہ ہے کہ وضو کی حالت میں موزہ پہنا گیا ہو۔ مسافر شخص تین دن اور تین رات تک مسح کرسکتا ہے اور مقیم شخص ایک دن اور ایک رات تک بہ شرطے کہ اس مدت میں موزے نہ اتارے جائیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی یوسف القرضاوی

طبی مسائل، جلد:2، صفحہ:275

محدث فتویٰ